رول نمبر ________ 2015 (A)

(جماعت نہم) [illegible]

اردو (لازمی) (نیو کورس) وقت = 2.10 گھنٹے

گروپ - پہلا [illegible]

حصہ انشائیہ

حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

حصہ نظم

(i) ہر بول ترا دل سے ٹکرا کے گزرتا ہے
کچھ رنگ بیاں حالی ہے سب سے جدا تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

(iii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا
مکاں میں بھی تو، لامکاں میں بھی تو ہے

(iv) شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہوکہ تو
ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

حصہ غزل

(i) چشم دل کھول اس بھی عالم پر
یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

(ii) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں
اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغدار میں

(iii) جان تم پر نثار کرتا ہوں
میں نہیں جانتا دعا کیا ہے

حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) مرزا کی نیت آموں سے کسی طرح سیر نہ ہوتی تھی۔ اہلِ شہر تحفتاً بھیجتے تھے۔ خود بازار سے منگواتے تھے۔ باہر سے دور دور کا آم بطور سوغات کے آتا تھا، مگر حضرت کا جی نہیں بھرتا تھا۔ نواب مصطفیٰ خاں مرحوم ناقل تھے کہ ایک صحبت میں مولانا فضل حق اور دیگر احباب موجود تھے اور آم کی نسبت ہر ایک شخص اپنی اپنی رائے بیان کر رہا تھا کہ اس میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہییں۔ جب سب لوگ اپنی اپنی کہہ چکے تو مولانا فضل حق نے مرزا سے کہا کہ تم بھی اپنی رائے بیان کرو۔ مرزا نے کہا "بھئی میرے نزدیک تو آم میں صرف دو باتیں ہونی چاہییں، میٹھا ہو اور بہت ہو۔"

(ب) بعض وقت والد والدہ کہتے بھی تھے کہ اتنی محنت نہ کیا کرو، لیکن میں زمانے کی ترقی کا نقشہ کھینچ کر ان کا دل خوش کر دیتا تھا۔ خدا خدا کر کے یہ مشکل بھی آسان ہوئی اور امتحان کا زمانہ قریب آیا۔ میں نے گھر میں بہت کہا کہ ابھی میں امتحان کے لیے جیسا چاہیے ویسا تیار نہیں ہوں لیکن میری مسلسل حاضری لا کلاس اور شبانہ روز کی محنت نے ان کے دلوں پر سکہ بٹھا رکھا تھا۔ وہ کب ماننے والے تھے، پھر بھی احتیاطاً اپنے بچاؤ کے لیے ان سے کہہ دیا کہ اگر میں فیل ہو جاؤں تو اس کی ذمہ داری مجھ پر نہ ہوگی کیونکہ میں اپنے آپ کو ابھی امتحان کے قابل نہیں پاتا۔ لیکن والد صاحب مسکرا کر بولے کہ امتحان سے کیوں ڈرے جاتے ہو، جب محنت کی ہے تو شریک بھی ہو جاؤ، کامیابی و ناکامیابی خدا کے ہاتھ ہے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) سراقہ بن جعشم کو کس نے فرمانِ امن لکھ کر دیا؟
(ii) مرزا غالب دوستوں کو کس انداز سے ملتے تھے؟
(iii) انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟
(iv) ع "سرہانے میر کے آہستہ بولو" کا دوسرا مصرع تحریر کریں۔
(v) جمن اور الگو چودھری میں دوستی کا آغاز کب ہوا؟
(vi) مضمون نگار نے کون سا امتحان دیا تھا؟
(vi) طوطی و بلبل کس کا ذکر کرتے ہیں؟
(viii) اقبال نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ لہو اور قالین یا پنچایت 5

6۔ نظم "پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 4 + 1 = 5

7۔ اپنے چھوٹے بھائی کے نام اس کی پڑھائی میں عدم دلچسپی کے بارے میں خط لکھیں۔ یا
ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام "بھائی کی شادی میں شرکت" کی درخواست لکھیے۔ 10

8۔ "سچ کی برکت" کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ یا مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) میں نے کراچی جانا ہے۔
(ii) نیکی کا راہ اختیار کرو۔
(iii) سامان، مکانات، دکانیں سب جل گئے۔
(iv) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔
(v) [illegible]

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) الٹے بانس ________
(ii) بوڑھی گھوڑی ________
(iii) تخم تاثیر ________
(iv) حساب جو جو ________
(v) کاٹھ کی ہانڈی ________